## سوال

(902)وہ زینت جسے عورت اپنے اقرباء کے سامنے ظاہر کرے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ کون سی زینت ہے جسے عورت اپنے اقرباء کے سامنے ظاہر کر سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ زینت جسے عورت اپنے شوہر کے علاوہ اپنے محرم قرابت داروں کے سامنے ظاہر کر سکتی ہے ۔ یہ ہے : چہرہ، دونوں ہاتھ، پازیب، بالیاں، چوڑیاں، کنگن گلے کا ہار یا زیور پہننے کی جگہیں، سر اور پاؤں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 636**

محدث فتویٰ